NYC Public Schools | Health Department
Office of School Health

MD , FAAP، Cheryl Lawrence
*Medical Director*

**Office of School Health**
**30-30 47th Ave.**
**Long Island City, NY 11101**

اگست 2025

عزیز والدین یا سرپرست،

نیو یارک شہر نے 2025-2026 تعلیمی سال کے لئے اسکول کے حفاظتی ٹیکوں کی ضروریات کی تجدید کی ہے۔ اس خط کے ساتھ تعلیمی سال 2025-2026 کے لیے مطلوبہ ویکسین کی فہرست شامل ہے۔ ویکسینز بچوں کو امراض کے لگنے اور پھیلنے سے بچاتی ہیں اور اسکول جانے والے بچوں کے لیے مطلوب ہیں۔ اگر آپ کا بچہ چائلڈ کئیر یا اسکول جا رہا ہے تو نئے تعلیمی سال کے آغاز سے قبل، آپ کو اپنے بچے کی ویکسینیشن کا ثبوت یا خون کے ٹیسٹ کے نتائج فراہم کرنا ہوں گے جو اس کی بیماری سے مدافعت کو ظاہر کریں۔

**چائلڈ کیئر سے گریڈ 12 تک کے تمام طلباء** کے لیے diphtheria، tetanus اور pertussis (DTap) پولیو وائرس (IPV یا OPV، لیکن اگر OPV، کی خوراک 1 اپریل، 2016 کے بعد لی گی ہے تو یہ شمار نہیں ہو گی)؛ measles، mumps اور rubella (MMR)؛ varicella؛ اور hepatitis B ویکسینز کے لئے درکار شرائط پوری کرنا ضروری ہے۔

**5 سال سے کم عمر کے بچے جو چائلڈ کئیر اور پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہیں** ان کے لیے انفلوئنزا (فلو) ویکسین کے (31 دسمبر، 2024 تک، لیکن ترجیحاً جب یہ موسمِ خزاں کے اوائل میں دستیاب ہو) اور Haemophilus influenza ٹائپ b (Hib) اور pneumococcal conjugate (PCV) ویکسینز کے لیے درکار شرائط پوری کرنا ضروری ہے۔

**گریڈز 6-12 تک کے بچوں کے لیے** diphtheria، tetanus اور pertussis (Tdap) بوسٹر اور meningococcal conjugate (MenACWY) ویکسین کے تقاضوں کو پورا کرنا لازمی ہے۔

MMR، varicella یا hepatitis B کے خلاف قوت مدافعت ظاہر کرنے والے خون کے ٹیسٹ بھی شرائط کو پورا کرتے ہیں (پولیو کے خلاف قوت مدافعت صرف اسی صورت میں قابل قبول ہے جب لیبارٹری تمام سیروٹائپس (serotypes) 1،2،3 کے خلاف قوت مدافعت ظاہر کرے اور جو ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا ہو)۔

اس موسم گرما میں وقت نکال کر اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں کے پس منظر کا جائزہ ان کے معالج کے ساتھ لیں۔ آپ کے بچے کا معالج آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو چائلڈ کیئر یا اسکول جانے کے لئے کسی ایک یا زیادہ ویکسین کی اضافی خوراکوں کی ضرورت ہے۔

نوٹ: اگر آپ کے بچے کو ویکسین کی خوراک کم سے کم عمر سے پہلے دی گئی تھی، تو اسے مطلوبہ خوراکوں میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

اگر آپ کے 2025-2026 ویکسینز مطلوبات کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، اپنے چائلڈ کئیر مرکز یا اسکول کے انتظامی دفتر سے رابطہ کریں۔

بخلوص،

Cheryl Lawrence

Cheryl Lawrence, MD, FAAP
میڈیکل ڈائریکٹر
اسکول ک کا دفترِ صحت

# کیا آپ کا بچہ چائلڈ کیئر یا اسکول کے لیے تیار ہے؟

2025 -2026 تعلیمی سال

## نیو یارک شہر میں مطلوبہ حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

نیو یارک شہر میں 2 ماہ سے 18 سال تک کے تمام طلباء کے لیے چائلڈ کیئر یا اسکول میں داخلے کے لیے درج ذیل حفاظتی ٹیکے لگوانا ضروری ہے۔ اس تعلیمی سال کے لیے اپنے بچے کی گریڈ سطح کی بنیاد پر ویکسین کی ضروریات کا جائزہ لیں۔ مطلوبہ مستند خوراکوں کی تعداد کو ذیلی چارٹ میں دکھایا گیا ہے۔ آپ کے بچے کو درکار ویکسین خوراکوں کی تعداد ان کی عمر اور پہلے دی گئی ویکسین خوراکوں کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہے۔ آپ کے بچے کو بعض صحت کی حالتوں کی وجہ سے یا اگر پچھلی خوراکیں بہت جلد دی گئی تھیں (جو قابل قبول نہیں)، اضافی ویکسینز یا خوراکیں درکار ہو سکتی ہیں۔ OPV کی 1 اپریل 2016 کے بعد دی گئی خوراک شمار نہیں ہوگی۔ خون کے وہ ٹیسٹ بھی ان تقاضوں کو پورا کرتے ہیں جو measles، mumps، rubella اور varicella یا Hepatitis B کے لیے مدافعت ظاہر کرتے ہیں۔ (پولیو کے لیے مدافعت صرف اس صورت میں قابل قبول ہے اگر لیبارٹری ٹیسٹ میں تینوں سیروٹائپس (serotypes) 1،2،3 کے لیے مدافعت ظاہر کی گئی ہو اور یہ ٹیسٹ ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا ہو)۔

| مدافعتی ٹیکے | چائلڈ کیئر اور ہیڈ اسٹارٹ، نرسری، 3K یا پری کنڈرگارٹن | کنڈرگارٹن سے 5 گریڈ | گریڈز 6 سے 11 | گریڈ 12 |
|---|---|---|---|---|
| **Diphtheria، tetanus اور pertussis (DTaP)** | **چار خوراکیں** | **پانچ خوراکیں** (یا صرف **چار خوراکیں** اگر چوتھی خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں دی گئی ہو، یا صرف **تین خوراکیں** اگر بچہ 7 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہو اور ویکسین کی سیریز 1 سال یا اس سے زیادہ عمر میں شروع کی گئی ہو)۔ | **تین خوراکیں** | |
| **Tetanus، diphtheria اور pertussis (Tdap) booster** | | | **ایک خوراک** (11 سال یا زیادہ عمر میں مطلوب ہے جب گریڈز 6 تا 12 میں داخل ہو رہے ہوں اور 11 سال کی عمر تک تعمیل میں ہوں) | |
| **پولیو (IPV، یا OPV اگر 1 اپریل، 2016 سے پہلے دی گئی ہو)** | **تین خوراکیں** | **چار خوراکیں** (یا **3 خوراکیں** اگر تیسری خوراک 4 سال کی عمر یا اس سے زائد عمر میں لی گئی تھی) | | |
| **Measles، mumps اور rubella (MMR)** | **ایک خوراک** | **دو خوراکیں** | | |
| **Hepatitis B** | **تین خوراکیں** | **تین خوراکیں** | **تین خوراکیں** (یا **دو خوراکیں بالغ hepatitis B ویکسین،** Recombivax HB، اگر خوراکیں 11 اور 15 سال کی عمر کے درمیان کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے لی گئی تھیں) | |
| **Varicella (چکن پوکس)** | **ایک خوراک** | **دو خوراکیں** | | |
| **Meningococcal conjugate (MenACWY)** | | | **6 گریڈ:** ناقابل اطلاق **گریڈز 7 تا 11:** ایک خوراک | **گریڈ 12: دو خوراکیں** (یا ایک خوراک اگر پہلی خوراک 16 سال یا اس سے بڑی عمر میں لی گئی تھی) |
| **Haemophilus influenzae type b conjugate (Hib)** | **ایک سے چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور جو خوراکیں یہ پہلے لے چکے ہیں اس پر منحصر ہے) | | | |
| **Pneumococcal conjugate (PCV)** | **ایک سے چار خوراکیں** (بچے کی عمر اور خوراکوں پر منحصر جو انہیں پہلے دی گئی ہوں) | | | |
| **Influenza (فلو)** | **ایک خوراک** (ضرورت پڑنے پر دوسری خوراک اسکول میں حاضری کے لیے ضروری نہیں) | | | |

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو اپنے بچے کے معالج سے بات کریں۔
مزید معلومات کے لیے **311** پر فون کریں یا **nyc.gov/health** پر جائیں اور **طلباء ویکسینز** (Student vaccines) تلاش کریں۔

NYC Public Schools | Health Department
Office of School Health